© rasailojaraid.com



# جامعہ کے لیل و نہار

مکرمی میاں نعیم الرحمن صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے آپ بخیرت ہوں گے اور دعا ہے کہ اللہ آپ کو مزید توانائیاں عطا فرمائے جوامت مسلمہ کے لیے باعث استحکام ہوں۔ آمین۔

جامعہ سلفیہ میں ایک روزہ پروگرام کے دوران آپ نے اور بقیہ احباب نے جس محبت اور خلوص سے خاطر تواضع اور آرام کا خیال رکھا' میں اور میرے رفقاء اس کے لیے آپ کے انتہائی مشکور ہیں۔

پروگرام کے بارے میں آپ کی نظر میں کوئی بات قابل توجہ ہو تو ضرور ہماری راہنمائی فرمائیں۔

مجموعی طور پر اس تربیتی سرگرمی سے شرکاء مستفید ہوئے اور ہم بالا ارادہ کوشش کی کہ شرکاء کی فکر کو داخلی طور پر متحرک کیا جائے تاکہ وہ از خود اپنی ذاتی اور ادارہ کی ترقی اور موثریت پر توجہ دیں۔ اس میں شک نہیں کہ دیگر بہت سے مدارس کے مقابلہ میں جامعہ سلفیہ کا معیار تسلی بخش ہے۔ امید ہے آپ کی راہنمائی میں جامعہ اپنی ترقی کا سفر جاری رکھے گا کیونکہ جدید دور میں نت نئے آلات اور آلہ کاری کے ذریعہ انسانی زندگی علم کے نئے افق پار کرتی جارہی ہے۔

اس تناظر میں علم کی جہتوں اور ان کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے بالخصوص دین سے وابستہ افراد کو جہد مسلسل کے ساتھ شخصی اور ادارتی پرداخت کے لیے کام کی مخلصانہ کوششوں کو ہر دائرے میں جاری رکھنا ہوگا۔

آپ کے ادارہ میں خواتین کی اچھی تعداد بھی شریک ہوئی جو بڑی حوصلہ افزا بات ہے۔

مدارس میں شخصی اور ادارتی نشوونما کے مقصد کی خاطر ہماری یہ کوشش سلسلہ وار مراحل میں جاری رہے گی۔ اس سلسلہ میں ہم آپ کی تجاویز کے منتظر رہیں گے۔

آپ کا خیر اندیش

خالد رحمن

ڈائریکٹر جنرل انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز

اسلام آباد

☆......☆......☆......☆......☆

محترم جناب نعیم الرحمن صاحب

السلام علیکم

اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور جو نیک کام اور دین کی ترقی وترویج کا کام

© rasailojaraid.com